Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم !!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لکھاری کی آواز

گناہ تو نہیں ہے محبت کرنا

پھر اہلِ دنیا ستم یہ ہے کیسا؟

محبت محبت جو کیے جا رہے ہیں

انہی کے بدن پر یہ خنجر ہے کیسا؟

یہ حقیقت اب کسی سے بھی نہیں چھپی کہ محبت کسی کو بھی ملا کرتی۔ "جانے وہ کیسے لوگ تھے جن کے پیار کو پیار ملا"۔ ہمیشہ ہی ایسا ہوتا ہے محبت کرنے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

والوں کا دشمن سارا زمانہ ہو جاتا ہے مگر پھر بھی محبت کرنے والے ایک دوسرے سے اپنی محبت ختم نہیں کرتے۔

کیونکہ محبت میں وصل شرط نہیں ہوتا محبت کرنے والے ایک دوسرے دور رہ کر بھی محبت کر سکتے ہیں۔وہ ایک دوسرے پر جان لٹا کر اپنی محبت ثابت کر جاتے ہیں۔ایک ایسی داستان جس میں محبت کرنے والوں کو ایک عبرتناک انجام کا سامنا کرنا پڑا۔اس کا پسِ منظر تھوڑا پرانا ہے مگر کہانی میں جدت ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باب اول

جب محبت شروع ہوئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باب اول

جب محبت شروع ہوئی

ملک مہیب کے حالات روز بروز خراب ہوتے جارہے تھے۔دشمن ملک نے ہر روز اپنی فوج کو ملک مہیب کے سرحد کے قریب علاقوں میں داخل کرنا شروع کردیا تھا اور لوٹ مار مچا رکھی تھی ۔ملک کا بادشاہ بھی ان حالات سے واقف تھا مگر وہ اس سب کا مقابلہ نہیں کرسکتا تھا بہت پریشان تھا کیونکہ اس کی فوج کاسپہ سالار دو دن پہلے ہی اس دارِ فانی سے کوچ کر گیا تھاسپہ سالار کی وفات اس کے لیے بہت بڑا امتحان تھا کیونکہ دشمن کی فوج اعلیٰ تربیت یافتہ تھی اورسپہ سالار کے بنا ان سے نبٹنا بہت مشکل تھا۔ اس لیے بادشاہ بہت پریشان تھا ۔

پالکی کھیتوں کے درمیان بنی پگڈنڈی سے گزر رہی تھی۔یہ پگڈنڈی دوسری پگڈنڈیوں کی نسبت تھوڑی بڑی تھی اس لیے زیادہ تر آمدورفت اسی کے ذریعے ہوتی تھی۔اس پگڈنڈی کے دونوں طرف سرسبز کھیت سب کا دل

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

موہ لیتے تھے۔پالکی اپنے راستے پر رواں دواں تھی۔اور پگڈنڈی کو عبور کرنے والی تھی۔

اردگرد کھیتوں میں موجود لوگ اس پالکی کو تجسس کی نگاہ سے دیکھ رہے تھےاور باہم سرگوشیاں بھی ہوا میں سرایت کررہی تھیں جن کو درخت بھی محسوس کررہے تھے "یہ دوسرے ملک کا شہزادہ ہے تجھے پتا ہے" کھیتوں میں موجود لوگوں میں سے ایک عورت نے دوسری سے دھیمی آواز میں کہا۔"اس کے کپڑے تو دیکھ۔اور جوتا بھی کتنا مہنگا ہوگا"دوسری عورت نے کہا جو کہ پالکی پر نظر اٹکائے ہوئے تھی۔"بادشاہ کی نا اس پر شروع سے نظر ہے۔اپنی دھی کا بیاہ اسی سے کرے گا مجھے لگتا ہے"پہلی عورت نے دوسری سے کہا۔ہجوم میں اور بھی باتیں ہورہی تھیں ۔پالکی اب کھیتوں سے دور جارہی تھی رفتہ رفتہ۔۔

پالکی اب ایک شہر کے بیچ پہنچ گئی تھی ۔پالکی کی چونچالی شہر کی چونچالی سے کہیں زیادہ تھی۔یہ شہر ا س ملک کے اہم شہروں میں سے ایک تھا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"دیکھو میری مہندی کا رنگ کتنا گاڑھا چڑھا ہے" سحرش بائی نے اپنی مہندی سامنے موڑھے پر بیٹھیں فرزانہ بائی اور سعدیہ بائی کو دکھائی۔"میں نے سنا ہے

جس کی مہندی کا رنگ گاڑھا چڑھے اسے سیاں جلدی ملے"فرزانہ بائی نے اپنا پراندہ لہراتے ہوئے کہا۔سحرش شرما گئی۔سعدیہ بائی نے اسے شرماتا دیکھ کر اس کی گال پر ہلکی سی چاٹ رسید کی ۔شرماتی ہوئی سحرش بھاگی اور باقی دونوں اس کے پیچھے بھاگنے لگیں ۔

پالکی محل کی حدود میں داخل ہونے والی تھی۔محل کے دروازے کھولے جاچکے تھے ۔سامنے گھوڑے پر اس ملک کے بادشاہ اسفند ہندوئی گھوڑے پر سوار تھے شاید اس پالکی کے استقبال کے لیے کھڑے تھے۔ان کے ساتھ ان کے مشیر بھی تھے وہ بھی گھوڑوں پر سوار تھے۔پیادہ پا سپاہی بھی کھڑے تھے۔دروازے کے اطراف میں پالکی پر پھول پھینکنے کے لیے بائیاں بھی کھڑ ی تھیں ۔جنہوں نے پھولوں کی ٹوکریاں اٹھا رکھی تھیں ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"سحرش اتنی ابلہ مت بنیں"سعدیہ بائی نے کہا وہاں س کے پیچھے دوڑتی ہوئی رک گئی تھی۔"فرزانہ کی عادت کا تو آپ کو پتا ہے سب کو یونہی بول دیتی ہیں""ہاں

جائیے سحرش! اور نہیں بھاگا جاتا" فرزانہ بھی بھاگتی بھاگتی تھک گئی تھی۔اب سحرش بھی رک گئی تھی فرزانہ اور سعدیہ اس کے قریب جاتی ہیں ۔

پالکی کا دروازہ کھولا جاتا ہے اور ایک بارعب اور نفیس شخصیت کا مالک شخص باہر آتا ہے اس کے چہرے پر ہلکی ہلکی داڑھی ہوتی ہے اور اس کی مونچھیں بھی زیادہ بڑھی ہوئی نہیں ہوتیں ۔جس سے اس کی شخصیت بہت ہی عمدہ دکھ رہی ہوتی ہے۔اس پر پھول برسائے جاتے ہیں۔

"ہمیں بھی بتائیں کہ یہ سب سن کر آپ اتنی گاوٴدی کیوں ہوگئیں تھیں "سعدیہ نے سحرش کے دونوں ہاتھ پکڑ لیے۔۔"وو وہ یاد آگیا تھا کوئی ہمیں اپنی بانہوں میں جھولے گا"سحرش شرما کر پھر بھاگ جاتی ہےسعدیہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے دیکھ کر مسکرانے لگتی ہے۔"رقص کے لیے جانے کی تیاری کرتے ہیں فرزانہ ۔۔ آپ جائیں مین اسے لے کر آتی ہوں ۔"سعدیہ فرزانہ سے کہتی ہے اور سحرش کے پیچھے بھاگتی ہے۔

شہزادہ پالکی سے نکل کر سامنے گھوڑے پر بیٹھنے لگتا ہے۔۔۔

"رک جائیں سحرش۔"سحرش اب تک محل کے بالاخانے تک پہنچ جاتی ہے شہ نشین پر کچھ پانی کے تھال پڑے ہوتے ہیں۔سحرش بالاخانے کے نیچے کے منظر سے ناآشنا ہوتی ہے جہاں شہزادہ سرمد گھوڑے پر سوار ہوچکا ہوتا ہے۔"میری بات سنیے سحرش ایک تھال اٹھائیے۔اس شفاف پانی سے پیر دھولیجیے رقص کا لمحہ آنے والا ہے ۔۔"سعدیہ کو تھوڑا غصہ آجاتا ہے سحرش بھی رک جاتی ہے سعدیہ اسے تھال پکڑاتی ہے ۔تھال سحرش کے ہاتھ سے پھسل جاتی ہے اور نیچے گھوڑے پر بیٹھے شہزادے پر گرجاتی ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پانی بہت خوبصورت انداز سے نیچے گرتا ہے ۔شہزادہ سرمد گھوڑے کی لگام کھینچنے لگتا ہے کہ اچانک قطار اندر قطار پانی اس پر گرتا ہے۔وہ اوپر کی طرف دیکھتا ہے سامنے ہی اسے سحرش کا چہرہ دکھتا ہے۔سحرش کا چہرہ خوف سے لبریز ہوتا ہے مگر اسے دیکھتے ہی سرمد پانی کی ساری تکلیف بھول جاتا ہے اور اس کے لبوں پر ایک

مسکان آجاتی ہے۔اور آنکھیں کھولے اسے دیکھتا جاتا ہےاور سحرش بھی اسے

۔

"ہٹیں سحرش" سعدیہ اسے پیچھے کھینچ لیتی ہے اس سے پہلے کے کوئی اسے دیکھے ۔سحرش اب بہت سہمی ہوتی ہے۔

"کس نے کی ہے یہ گستاخی؟؟" بادشاہ غصے میں بول پڑتا ہے۔مگر شہزادہ سرمد ابھی بھی فضاؤں میں اسی بالاخانے کو گھور رہا ہوتا ہے اور اس میں سحرش کو ڈھونڈ رہا ہوتا ہے"ہم اسے چھوڑیں گے نہیں" بادشاہ کی غضب ناک آواز سے سرمد خیالوں سے باہر آتا ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"یہ کیا کردیا آپ نے سحرش؟" فرزانہ بھی وہاں آچکی ہوتی ہےوہ چلاتی ہے۔سعدیہ جلدی سے سحرش کو کھینچ کر کمرے کی طرف لے جاتی ہے اور فرزانہ راستے میں سحرش کو لعن طعن کرتی ہے"آواز دھیمی رکھیے فرزانہ کوئی سن لے گا" سعدیہ فرزانہ سے کہتی ہے اور سحرش کو موڑھے پر بٹھاتی ہے"مجھے لگتا ہے سحرش کو کسی نے نہیں دیکھا"فرزانہ ڈانٹ کھا کر غصے میں چارپائی پر بیٹھ جاتی ہے

"اس میں سحرش کی کوئی غلطی نہیں ہے۔جان بوجھ کر نہیں ہوا سب"سعدیہ پھر فرزانہ کو کہتی ہے اور سحرش کو تھپکی دیتی ہے جو اب کافی سہم چکی ہوتی ہے۔"مم مگر وو وہ شش شہزادہ اس نے مجھے دیکھا ۔۔۔ہہ ہمیں وہ ۔۔۔""مر گئییں اب ہم تو " فرزانہ پھر بول پڑتی ہے۔"کچھ نہیں ہوتا میری جان "سعدیہ فرزانہ کی بات نظرانداز کرکے سحرش کو دلاسہ دیتی ہے جو اب تک رونے لگ جاتی ہے "کسی نے بھی نہیں دیکھا آپ کو""اااسس نے ہمیں بب بہت غور سے دیکھا تتت تھا اور مم میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نن نے بھی وووہ مم مس مسکرا رہا تھا "سحرش کی بات سن کر سعدیہ ششدر رہ جاتی ہے۔"سنیئے میری پیاری سحرش ہم رقاصا ہیں ۔رقاصا عورت نہیں ہوتی ۔آپ کو یہ بات سمجھنی ہوگی۔رقاصا کو اپنے اند کی عورت کو ماردینا ہوتا ہے یہی فرق ہے رقاصا میں اور عام عورت میں ۔اور رقاصا سے کوئی محبت نہیں کرتا میری جان ۔۔اس دنیا میں بھیڑیے ہیں جو رقاصا کو کبھی خوشی نہیں دے سکتے مرد رقاصا سے صرف حظ اٹھاتا ہے ۔۔آپ بہت بھولی ہو میری

جان ۔۔۔اور یہ دنیا بہت ظالم ہے بہت ظالم ۔۔آاپ کو اگر ذرا سا بھی کچھ لگتا ہے تو ایسا مت سوچیے گا کہیں ایسا نہ ہو آپ کی ساری امیدیں ٹوٹ جائیں اور آپ ہاتھ ملتی رہ جائیں ۔۔آپ کو پھونک پھونک کر قدم رکھنا ہوگا" سعدیہ بائی سحرش کو گلے سے لگا لیتی ہے۔

بادشاہ اسفند ہندوئی اپنے تخت پر بیٹھا ہوتا ہے ایک آادمی اندر آتا ہے

"حضور زنان خانے سے پتا چلا کہ جب یہ ہوا اس وقت ساری رقاصا اپنے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کمرے میں تھیں اس لیے یہ کسی کنیز کا کام ہوسکتا ہے۔"بادشاہ اس کی بات کو سنتا ہے تھوڑی تیوری چڑھاتا ہے اور پھر بولتا ہے"جو بھی ہے اور جس نے بھی یہ کام کیا ہے زنان خانے سے کہو کہ اس کا جلد از جلد پتا کرایا جائے ہم اسے کڑی سزا دیں گے"وہ شخص "جی حضور" کہہ کے رخصت ہوجاتا ہے۔

شہزادہ سرمد پلنگ پرلیٹا ہوتا ہے"کون تھی وہ لڑکی؟"سارا منظر اس کی نظروں میں سرایت کررہا ہوتا ہے۔اچانک دروازہ کھٹکتا ہےاور وہ خیالوں کے بادیہ سے

باہرآتا ہے"کون ہے وہاں؟" "بادشاہ کا حکم ہے کہ آپ شاہی رقص کی محفل میں شرکت کریں ۔ساری رقاصا تیارہی تیار ہوکرآجائیں ""آپ جائیں میں آتا ہوں "شہزادہ باہر سے آنے والی آواز کا جواب دیتا ہے۔

شہزادی دل ربا یہ لیں آپ تیار ہوگئیں "شہزادی دل ربا اس وقت بناؤسنگھار کے آئینے کے سامنے بیٹھی تھی۔ایک عورت نے اس کا ڈوپٹہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹھیک کرتے ہوئے کہا۔ایک لڑکی باہر سے بھاگتی ہوئی آتی ہے"شش شہزادی صاحبہ وہ لڑکا مردان خانے مُن بالکل اکیلا ہے سارے مرد اس وقت رقص کی محفل میں ہیں ۔""اس کا مطلب ہم ان سے مل سکتے ہیں " شہزادی نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔

شہزادہ سرمد اپنے بال سنوارتا ہے اور باہر نکلنے لگتا ہے

شہزادی دل ربا اپنی خادمہ کے ساتھ مردان خانے کی راہ داری پر ہوتی ہے اسے سامنے شہزادہ سرمد دکھتا ہےوہ اپنی خادمہ کو آنکھ کا اشارہ کرتی ہے اور ایک دم سے زمین پر گر جاتی ہے"ارے کوئی ہے کوئی ہے جو شہزادی جناب کو اٹھایئے" خادمہ چلانے لگتی ہے۔شہزادہ سرمد گھبراجاتا ہے اور بھاگتا ہوا آتا ہے۔وہ خادمہ کی طرف دیکھتا ہے"آپ اٹھائیں نا ان کو آرام سے کیوں کھڑی ہیں ؟؟

وہ زمین پر گری ہیں اور یہ کیا کر رہی ہیں آپ؟؟"وہ خادمہ پر چلاتا ہے۔وہ شہزادی پر نظر ڈالے بغیر کہتا ہے "آپ ٹھیک تو ہیں نا"خادمہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہزادی کو اٹھا لیتی ہے"جج جی میں بہتر ہوں" وہ غصے سے شہزادے کو دیکھتی ہے۔مگر شہزادہ اسے دیکھے بغیر آگے نکل جاتا ہے۔

رقص کی محفل جمی ہوتی ہے رقاصا رقص کررہی ہوتی ہیں ۔شہزادہ سرمد اندر داخل ہوتا ہے۔وہاں تین نقاب پوش رقصا ہوتی ہیں ۔درمیان والی رقاصہ کی آنکھوں پر شہزادے کی نظر پڑتی ہےاسے وہی لڑکی یاد آجاتی ہے جسے اس نے دیکھا تھا جب اس پر پانی گرا تھا ۔وہ مسکرا دیتا ہے اور اپنی غلط فہمی سمجھ کر تخت پر بیٹھ جاتا ہےدرمیان والی کا پاؤں پھسلتا ہے اور اس کے چہرے سے نقاب اتر جاتا ہے شہزادے کی نظر اس کے چہرے پر پڑتی ہے اور وہ اسے دیکھتا جاتا ہے ۔۔ایک دم سے اٹھتا ہے اور کہتا ہے "بند کیجیے یہ ناچ گانا " بادشاہ اسفند اسے قہر آلود نگاہوں سے دیکھنے لگتا ہے"چلیے آپ یہاں سے"شہزادہ اس رقاصا سے کہتا ہے۔تمام اہلیانِ محفل بوکھلا جاتے ہیں ۔ان رقاصہ کے جانے کے بعد شہزادہ خود بھی محفل چھوڑ کر چلاجاتا ہے۔اہلیانِ محفل میں کھسر پھسر شروع ہوجاتی ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فرزانہ ، سحرش اور سعدیہ کمرے میں داخل ہوتی ہیں ۔فرزانہ داخل ہوتے ساتھ اپنے جھمکے اتارتی ہے"خدا کا شکر ہووے آج رقص نہ ہووے"سعدیہ اور سحرش ایک دوسرے کی آنکھوں میں دیکھتی ہیں فرزانہ کی یہ بات سن کر۔"اس شہزادے کے باعث ہوا یہ سب"سعدیہ سحرش سے کہتی ہے۔"میری ہی غلطی ہے میرا نقاب ہٹ گیا اور یہ سب ہوگیا"سحرش بہت زیادہ بوکھلائی ہوتی ہےوہ رونے لگتی ہے"چپ کرجایئے سحرش ۔۔ اس میں رونے والی کوئی بات نہیں " سعدیہ اسے ہاتھ سے تسلی دیتی ہے"مگر حیرانی کی بات ہے اس شہزادے نے ایسا کیوں کیا؟؟" سعدیہ کے چہرے پر حیرانی تھی"بات بالکل عیاں ہوئے۔۔لالے کو جیہ سے پریم ہوئے(لڑکے کولڑکی سے پیار ہواگیا ہے)"فرزانہ جھمکے اتارتی ہوئی کہتی ہے۔"آپ تو چپ ہی کرجائیں ۔۔بائیں کہیں کی" سعدیہ غصے میں آجاتی ہے۔اور سحرش کا ہاتھ کھینچ کر اسے باہر لے جاتی ہے فرزانہ منہ بنا کر ان دونوں کو دیکھنے لگتی ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

درخت کی ٹہنی پر ایک کوا اور کوی بیٹھے ہوتے ہیں ایک چیل آتا ہے وہ ان دونوں پر حملہ کردیتا ہے کوا اپنی کوی کو بچانے کی پوری کوشش کرتا ہے ۔شہزادہ سرمد کھڑکی کے باہر یہ منظر دیکھ رہا ہوتا ہے" یہ مجھے اس وقت کیا ہوگیا تھا ؟ اس لڑکی کے لیے میں نے کس قدر گستاخی کردی۔جانے بادشاہ کتنا برا منائیں گے اس بات کا۔"وہ بے دھیانی میں سامنے منظر کو بھی دیکھ رہا تھا ۔کوا بار بار کوی کو چیل کے وار سے بچا رہا تھا "آخر اس لڑکی کی خاطر میں نے یہ سب کیوں کیا؟؟ یہ سچ ہے عورت کو رقص زیب نہیں دیتا رقص سوہانِ روح ہے اس کے لیے مگر صرف اسی لڑکی کو ہی کیوں ؟؟باقی دونوں کو کیوں نہیں؟؟"کوا کوی کو چیل کے وار سے بچاتے بچاتے آخر اپنی جان کی بازی ہار دیتا ہے اور خود چیل کا نشانہ بن کر کوی کو بچا لیتا ہے شہزادے کی زبان سے بےدھیانی سے نکلتا ہے"ہائے! محبت نے مارا"وہ ایک لمحے کے لیے مسکراتا ہے پھر کہتا ہے"کوے کو بھی اور مجھے بھی"پھر مسکراتے ہوئے ڈوبتے سورج کو دیکھنے لگتا ہے۔محل کے بالاخانے پر سحرشش بھی اس ڈوبتے سورج کو تک رہی ہوتی ہے۔اسے پہلے وہ منظر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یاد آتا ہے جب اس سے تھال پھسلی تھی اور پھر رقص والا۔وہ مسکرا دیتی ہے۔

سنو شفق سنو غروبِ آفتاب کی رخشانی

میرے دل میں بسی ہے کسی کی چاشنی

سنو فلک میں اڑنے والی خوبصورت پنچھی

میرا دل بھی اڑ رہا ہے جیسے ایک پکشی

شاید محبت کی وادی میں قدم رکھنے کو ہوں

بکھرے ہوئے خود کو سمیٹنے کو ہوں

میری نگاہوں میں اب کوئی تیرنے لگا ہے

میرے تفکر کو اب کوئی کھینچنے لگا ہے

میں اپنی حالتِ بےزار کو اب کیا سمجھوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سنیہ سمجھوں ، آشنائی یا میں چاہ سمجھوں

میں طالع بن کر خود کو فلک میں اڑتا سمجھوں

یا سمک سمجھ کر ساگر میں خود کو تیرتا سمجھوں

میں کچھ بھی سمجھوں چاہے کائنات کا کل سمجھوں

یا اپنے محبوب کی پاک روح کا ایک جزو سمجھوں

میں عنبر کی سرحدوں کو چھونا چاہوں

قلزمِ محبت میں تاعمق ڈوبنا چاہوں

ایک دم سے وہ حیرت زدہ ہوجاتی ہے"مم میں ایسے کیسے کہہ رہی ہوں وو وہ ایک شہزادہ ہے مم میں یہ سب۔۔"وہ سورج کو دیکھتی ہے "کہیں مجھے حقیقت میں اس سے محبت تو نہیں ہوگئی۔؟؟" وہ پاگلوں کی طرح اپنے ہاتھوں کو دیکھتی ہے"نہیں ایسا نہیں ہوسکتا "وہ بوکھلا کر بولتی ہے"بالکل ایسا بالکل نہیں ہوسکتا"سعدیہ اس کے پیچھے سے آتی ہے جو کب سے اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کی حرکتوں کو تک رہی ہوتی ہے۔"آپ کو کیسے پتا میں کیا کہہ رہی تھی؟"

بوکھلائی ہوئی سحرش سوال کرتی ہے"میں آپ کو آپ سے زیادہ جانتی ہوں

سحرش" سعدیہ اس کے گال پر ہلکی سی چاٹ مارتی ہے۔

"مجھے معاف کردیجیے"شہزادہ سرمد اب بادشاہ کے سامنے کھڑا ہوتا ہے

بادشاہ تخت پر ہوتا ہے "میں نہیں جانتا کہ اس وقت مجھے کیا ہوگیا تھا

دراصل آج سے پہلے میں کبھی ناچ کی محفل میں نہیں گیا""""تمہاری پہلی

خطاہے بیٹا ! تم ملک سائبان کے بادشاہ اورمیرے دوست کے بیٹے ہو۔اور

مجھے اپنے بیٹوں کی طرح عزیز ہو جانتے ہو تمہارے باپ نے کیوں بھیجا

ہے تمہیں یہاں""جی میں جانتا ہوں""ہماری فوج کے سپہ سالار کے

انتقال کے بعد تم ہی ہمارے آخری سہارے ہو کہ ہم دوسرے ملک سے

جنگ جیت لیں تم اعلیٰ تربیت یافتہ ضرور ہو مگر تمہیں شاید محفل کے

آداب کا نہیں پتا""مم مُن جانتا ہوں محفل کے آداب لیکن چچا حضور مجھ

سے غلطی ہوگئی۔۔میں نے آپ کے اعزاہ کے سامنے آپ کی عزت روند

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دی۔مجھے معاف کردیجیے""ہم تم سے ناراض نہیں بیٹا لیکن ہم خوش ہیں کہ تمہیں اپنی غلطی کا احساس خودبخود ہوا ہےاب جاؤ آرام کرو صبح تمہیں تربیت کے لیے بھی نکلنا ہے ساری سپہ تیار ہوگئی"شکریہ چچا جان" یہ کہہ کر شہزادہ نکل جاتا ہے۔

"لیکن ایسا کیوں نہیں ہوسکتا ؟"سحرش سعدیہ کے ہاتھوں کو پکڑ کر کہتی ہے۔سورج غروب ہونے کے بعداب تارے نکل چکے تھے۔"کسی کے احسان کو اس کی محبت سمجھنا جاہلوں کا طریقہ ہے میری جان"سعدیہ سحرش کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کے کہتی ہے"لیکن یہ محبت بھی تو ہوسکتی ہے اس کی"سحرش بھی جواب دیتی ہے"احسان بھی تو ہوسکتا ہے ۔۔"سعدیہ کہتی ہے۔"ہم اس احسان کو محبت نہیں سمجھ سکتے۔ہوسکتا ہے یہ محبت ہو مگر کوئی کسی رقاصا سے محبت کیوں کرے گا میری جان ۔۔مرد رقاصا کو خود کو خوشی دینے کے لیے استعمال کرتا ہے بس اسے اس سے محبت کبھی بھی نہیں ہوسکتی"سعدیہ کی بات سن کر سحرش ناامید ہوجاتی ہے۔اب تم

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جاؤ اور سوجاؤ"سعدیہ سحرش کو سونے کو کہتی ہے مگر سحرش اس کے چہرے کو تکتی رہتی ہے۔

سحرش کے ارد گرد آگ ہوتی ہے۔ہر طرف آگ ہوتی ہے اس کا وجود آگ میں تپ رہا ہوتا ہے "کوئی بچائے۔۔کوئی تو بچائے" وہ چلا رہی ہوتی ہے"میں جل رہی ہوں ۔۔"وہ چلائے جاتی ہے اچانک ایک نقاب پوش گھڑسوار اس طرف آتا ہے سحرش کو دیکھتے ہی اس کی طرف لپکتا ہے آگ کے اندر سے گزرتا ہے مگر آگ اسے نقصان نہیں پہنچا پاتی وہ بجلی کی رفتار میں آتا ہے سحرش کے پاس ۔گھوڑے سے اتر کر سحرش کی طرف ہاتھ کرتا ہے سحرش اس کا ہاتھ نہیں پکڑتی

وہ اپنا نقاب اتارتا ہے اس کا چہرہ دیکھ کر سحرش ششدر رہ جاتی ہے۔"آآآآ آپ۔۔"وہ چلاتی ہےایک دم سے اس کی آنکھ کھل جاتی ہے وہ اس وقت خوابِ خرگوش کے مزے لے رہی ہوتی ہے اور سعدیہ بھاگتی ہوئی اس کے پاس آجاتی ہے"سب ٹھیک ہے؟؟"وہ اس سے پوچھتی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہے۔سحرش کو کچھ سمجھ نہیں آرہا ہوتا "وہ میں نے ایک خواب دیکھا لیا تھا """اوہ! تو آپ ایک خواب سے ڈر گئیں "سعدیہ اسے کہتی ہے۔"حوصلہ رکھیے ۔۔آیت الکرسی پڑھ لیجیے "سعدیہ اس کے ماتھے پر ہاتھ لگاتی ہے اور چلی جاتی ہے۔

سعدیہ نے کھڑکیوں کے پردے ایک طرف کیےاور سورج کی دھیمی دھیمی روشنی اندر آنے لگتی ہےیہ دھندلکے کا وقت تھا پھر اس نے کھڑکیاں بھی کھولیں تو ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا بھی اندر آنے لگی۔ایک طرف پلنگ پر سحرش اور فرزانہ سورہی تھیں ۔روشنی سحرش کی آنکھون میں پڑتی ہے اور وہ آنکھیں ملتی ہوئی اٹھ بیٹھتی ہے۔فرزانہ کی آنکھوں میں جونہی روشنی پڑتی ہےچونک اٹھتی ہے" کیوں اٹھےجب آپ اتنی سحر ہوئے۔۔ہم کو نہ اٹھنا ہوئے(تمہیں کیوں اتنی صبح اٹھنے کے لالے پڑے رہتے ہیں مجے تو نہیں اٹھنا)""""سوجایئے رانی جی سو جایئے " سعدیہ فرزانہ سے کہتی ہے"آیئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحرش ہم ٹھنڈی گھاس پر جاکر چلتے ہیں ۔اس سے پاؤں کو سکون ملے گا"اور پھر وہ دونوں کمرے سے نکل جاتی ہیں ۔

"گیلی گھاس کتنی خوشنما لگتی ہے! دیکھیے نا اس سے پاؤں کو کتنی لب بستگی ملتی ہے"صبح کی خوبصورت فضا میں سحرش اور سعدیہ گھاس پر ٹہل رہی ہوتی ہیں تو سحرش سعدیہ س کہتی ہے۔درختوں پر سے پرندوں کے چہچہانے کی آوازیں آرہی ہوتی ہیں ۔ان پرندوں کے میٹھے گیتوں کے سوز میں وہ ٹہل رہی ہوتی ہیں ۔سعدیہ سحرش کی طرف دیکھتی ہے"مجھے یہ وقت بہت پسند ہے۔۔اچھا آپ یہیں رکیے مجھے ایک کام یاد آیا ہے"یہ کہہ کر سعدیہ چلی جاتی ہےاور سحرش ماضی یادوں میں کھوجاتی ہےاسے اپنا خواب یاد آتا ہے "اب تو وہ میرے خواب میں بھی آگئے۔۔"وہ پریشان سے ہوگئ"کہیں مجھے ان سے محبت تو نہیں ہوگئ۔"اسے وقت یاد آنے لگتا ہے جب اس کے ہاتھ سے تھال گری تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہزادہ سرمد شاہی باغ میں دل بہلانے کے لیے صبح سویرے آنکلا۔اسے دور کوئی لڑکی دکھائی دیتی ہے۔وہ اپنی نظریں جھکا لیتا ہے اس کی نظر لڑکی پر پڑتی ہے جو گرنے لگتی ہےشاید اس کا پیر پھسلا تھا۔'رکیے"وہ چلاتا ہے اور زور سے بھاگتا ہے اور جاکر اس لڑکی کو تھام لیتا ہے لڑکی کے چہرے پر نظر پڑتے ہی شہزادے کا اوپر کا سانس اوپر اور نیچے کا سانس نیچے رہ جاتا ہے۔"آآپ"شہزادے کے منہ سے بے اختیار نکلتا ہے۔سحرش بھی اسے دیکھ کر ششد رہ جاتی ہے۔وہ سحرش کو اپنے پاس بنچ پر بٹھاتا ہے۔"آپ ٹھیک تو ہیں نا"شہزادہ اس سے پوچھتا ہےسحرش کا سانس پھولا ہوا ہوتا ہے اسے سمجھ نہیں آرہا ہوتا کہ یہ سب ہوا کیا؟؟وہ بس شہزادے کو گھوری جارہی ہوتی ہے"آپ ٹھیک تو ہیں نا """ہاں میں ٹھیک ہوں "سحرش کے منہ سے ڈرے ڈرے الفاظ نکلے۔سحرش کی میٹھی آواز کے جادو سے شہزادہ حزم زدہ ہوگیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دونوں ایک دوسرے کو محبت اور حیرت سے تک رہے ہوتے ہیں

۔"مجھے بچانے کے لیے آپ کا شکریہ " سحرش یہ خاموشی توڑتی ہے۔مگر خاموشی کو توڑنے کا جواب محض خاموشی سے ملا کیونکہ شہزادہ اس کو مسلسل تکی جارہا تھا

دور سے آتی سعدیہ جیسے یہ منظر دیکھا اس کے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں غصہ اس کے چہرے پر واضح تھا وہ بجلی کی سی تیزی سے آتی ہے"ہٹیے یہاں سے" اسے نے دور سے ہی شہزادے سے کہا۔دونوں کے ایک دوسرے کو تکنے کا سلسلہ رک گیا سحرش گبھراجاتی ہے"میری دوست سے دور رہیے"سعدیہ نے غصے سے کہا۔شہزاد نے سعدیہ کو دیکھا اور ا سسے پہلے کہ سعدیہ مزید شور مچاتی شہزادہ وہاں سے چلاجاتا ہے۔

"کیا ہورہا تھا یہاں؟"شہزادے کے جانے کے بعد سعدیہ سحرش سے پوچھتی ہے۔سہمی ہوئی سحرش نے سب کچھ بتا دیا۔"سحرش میری جان آپ نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سمجھوگی"سعدیہ بے چین ہوجاتی ہے"اُک کیا؟"سحرش بوکھلا جاتی ہے "آیئے بیٹھ کر بات کرتے ہیں "

"لیجیے آپ تیار ہو گئیں "خادمہ نے ڈوپٹہ شہزای دل ربا کے سر پر رکھتے ہوئے کہا۔"آج چاہے کوئی بھی شخص ہو آپ کو دیکھ کر آپ پر ہی اٹک جائے گا۔"شہزادی دل ربا مسکرا جاتی ہے۔ایک خادمہ باہر سے بھاگتی ہوئی آتی ہے۔"ایک خبر لائی ہوں """کیسی خبر؟" شہزادی دل ربا نے پہلو بدلا۔"شہزادہ سرمد ناشتہ کیے بغیر جنگل چلے گئے ہیں ۔"وہ خادمہ جو شہزادی کو سنوار رہی ہوتی ہے ا سکے ہاتھ میں ایک شیشے کا جار ہوتا ہے سن کر اس کے ہاتھ سے گرجاتا ہےاسی دم شہزادی بولتی ہے۔"یہ کیا بول رہی ہو؟؟" شہزدے کی حالت بہت عجیب ہوتی ہے۔"اب آپ کیسے ملیں گی ان سے"خادمہ شہزادی سے کہتی ہے"اب مجھے ا ن کا انتظار کرنا ہوگا "شہزادی کا لہجہ روندھا سا ہوتا ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اس کے قریب جانے کا احساس کتنا اچھوتا ہے!"جنگل کے اس خوبصورت نظارے میں جبکہ سورج سر پر تھا ایک شخص گھوڑا باندھ کر لیٹ جاتا ہے۔وہ پانی کو تک رہا ہوتا ہے۔"مجھے بچانے کے لیے آپ کا شکریہ"اس کے کانوں میں سحرش کے الفاظ سنائی دیتے ہیں وہ مسکرا جاتا ہے۔"کیا مجھے اس سے پیار ہوگیا ہے" وہ آسمان کی طرف دیکھ کر اپنے سوال کا جوب تلاش کرنے لگتا ہے۔

"وہ شخص آپ کے لیے نہیں بنا۔ہم ان کے لیے نہیں بنے۔۔آپ بہت بھولی ہو آپ کو زمانے کی تفریق کا اندازہ ہی نہیں ہے میری جان ۔۔۔آپ نے دنیا نہیں دیکھی ابھی تو ۔۔وہ رقاصا کو صرف استعمال کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں آپ سمجھ رہی ہوگی نا۔۔وہ بھی آپ کے حسن سے متاثر ہوگیا ہے۔۔وہ بھی آپ کو استعمال کرکے چھوڑ دے گا""مم مگر مجھے اس سے پیار ہوگیا ہے"سعدیہ سحرش کے منہ پر ہاتھ رکھ دیتی ہے "بس ایک لفظ اور نہیں َ۔۔آپ اس سے کیسے پیار کرسکتی ہیں ؟؟وہ آپ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے لائق نہیں ہے۔"وہ دونوں پیپل کی شاخوں پر بیٹھی ہوتی ہیں ۔"آپ ایسا کیسے سوچ سکتی ہیں؟"اب کی بار سحرش کو بھی غصہ آجاتا ہے"سب انسان ایک جیسے نہیں ہوتے۔اور اگر وہ ہوس کے پجاری ہیں تو انہوں نے اس دن رقص بند کیوں کرایا؟"سحرش کا رویہ سوالیہ تھا۔سعدیہ بھی پریشان ہوجاتی ہے۔طرح طرح کے خیالات سعدیہ کے دماغ میں آنے لگے"کہیں ایسا تو نہیں کہ وہ سحرش سے پیار کرتے ہوں۔۔۔کہیں میں غلط تو نہیں کررہی"اچانک وہ گویا ہوتی ہے"سحرش میری جان چلو چھوڑیے ان باتوں کو آیئے جھولا جھولتے ہیں"سعدیہ اپنا اور سحرش کا دھیان بھٹکانے کے لیے اسے جھولے کی جانب لے جاتی ہے۔سعدیہ پینگ جھولنے لگتی ہے جس پر سحرش بیٹھی ہوتی ہے۔اور سحرش تصور میں سوچنے لگتی ہے کہ جیسے وہ پینگ سعدیہ نہیں شہزادہ سرمد جھول رہا ہے۔

بارش کی ٹھنڈی بوندیں اس کے چہرے پر گرتی ہیں تو اس کی آنکھ کھل جاتی ہے۔وہ تھوڑا ہڑبڑا جاتا ہے۔سوچوں میں مگن سرمد کو نہ جانے کب

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نیند آگئی اسے پتا ہی نہ چلا۔"مجھے نیند کیسے آگئی؟" وہ خود سے سوال کرتا ہے۔اور جلدی سے اپنے گھوڑے کی طرف جاتا ہے جو قریب ہی بندھا ہوتا ہے۔"سارا لشکر میرا انتظار کررہا ہوگا آج پہلا دن ہے تربیت کا اور مجھے آج ہی دیر ہوگئی"وہ تھوڑا شرمندہ دکھائی دے رہا تھا۔

دشمن کا خطرہ تو روز بروز بڑھتا ہی جارہا ہے حضور"بادشاہ اسفند ہندوئی اور ان کا مشیرِ خاص ایک بڑی گول میز کے آگے کھڑے تھے ایک طرف بادشاہ اور دوسری طرف مشیر تھا۔جس پر ایک نقشہ لگا ہوا تھا "وہ ہمارے تین علاقوں پر قبضہ کرچکا ہے"مشیرِ خاص اشارے سے نقشے پر انگلی رکھ کر بادشاہ کو ان شہروں کی نشاندہی کرتے ہیں۔"مجھے ریاست کی بہت فکر ہورہی ہے"مشیر کی باتیں سن کر بادشاہ ناامیدی کی باتیں کرنے لگتا ہے۔"حضور! آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں اب ۔۔شہزادہ حضور آچکے ہیں مجھے امید ایک دو تین یوم میں سپہ کی تربیت مکمل ہوجائے گی اور پھر انشاءاللہ اللہ کے حکم سے ہم لڑیں گے ۔۔حضور! آپ تو جانتے ہی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہیں جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں ۔۔اگر سو دن چور کے ہیں تو ایک دن شاہ کا ضرور آئے گا ۔۔ہم اگر اپنے حوصلے کھو دیں گے تو کبھی بھی نہیں جیت پائیں گے ہمیں جو کرنا ہے وہ صرف یہی ہے کہ اپنے حوصلوں کو ٹوٹنے سے بچانا ہےاگر حوصلے بلند ہوں گے تو پھر ہم بحرِ ظلمات میں بھی گھوڑے دورا دیں گے ۔

ہم وہ نہیں جو تابِ انجم سے سہم جائیں

ہم خود صورتِ خورشید ہیں تاروں سے کیا ڈرنا

(طالع)

مشیر جوش میں اگیا تھا اس نے زور سے ہاتھ میز پر دے مارا۔"یہ مت بولیں گے کوشش کرنے والوں کی کبھی ہار نہیں ہوتی۔لیکن کوشش کے لیے حوصلوں کا بلند ہونا بہت ضروری ہے حضور! جب ہم پہلے سے ہی اپنے حوصلوں کو نیچا کرلیں گے تو ذلت ہمارے مقدر میں لکھی جائے گی اور ہم اپنے ہاتھوں سے نکلتی ریت کی طرح سب گنوادیں گےہمیں گھبرانا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں ۔۔یہ دستور ہے کہ جو کام ہمیں مشکل لگتا ہے وہ صرف اسی وقت تک مشکل لگتا ہے جب تک ہم اسے کرنہ لیں ۔آپ نے وہ شعر تو سنا ہوگا:

ڈر لگتا ہے کیا اونچائی سے؟

ذرا ایک بار اڑان بھر کر تو دیکھو

(طالعؔ)

حضور اس سے پہلے کہ ہم سب کچھ گنوادیں ہمیں اٹھنا ہوگا۔ہم مرد ہیں جنگجو ہیں ہمارے پاس طاقت ہےقوت ہے تربیت نہیں تو کیا ہوا ؟ ہمارے پاس امیر تو ہے نہ جو ہمارے سپہ کی تربیت کرے گا اور اللہ تو سچ کے ساتھ میں مظلوموں کے ساتھ ہیں اور ظالموں کے خلاف ہیں اور مجھے یقین ہے کہ آسمان سے فرشتے بھی اتریں گے اور آندھیاں بھی چلیں گےاور فتح بھی ہوگی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ے فضائے بدر پیدا کر فرشتے تری نصرت کو

اتر آئیں گے گردوں سے قطار اندر قطار اب بھی

(اقبالؔ)

"اللہ اکبر" بادشاہ نے بلند آواز سے پکارا۔مشیر کو اپنے الفاظ اور ان کے اس اثر پر حیرانی ہورہی تھی۔

آبِ حیات کو چکھ کر تو دیکھو

حیاتِ جاوداں کو رکھ کر تو دیکو

ڈر لگتا ہے کیا اونچائی سے

ذرا اک بار اڑان بھر کر تو دیکھو

بڑے بےرنگ سے لگتے ہو نا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کسی کے رنگ میں رنگ کر تو دیکھو

تمہیں تو محبت کے ہجے بھی نہیں آتے

محبت کی وادی میں بھٹک کر تو دیکھو

اتنی آسان نہیں پرستش احساس کھونے پڑتے ہیں

ذرا مٹی سے صنم بن کر تو دیکھو

نہیں پا سکتے ہو تم خدا کو اے بشر

بیچ پردہ ہے ہٹ کر تو دیکھو

سحرش کھڑکی کے دریچے میں بیٹھی ہوتی ہے اور چاند کو دیکھ رہی ہوتی ہے۔قریب بستر پر سعدیہ اور فرزانہ سو رہی ہوتی ہیں اس فقرے پر اٹک کر رہ جاتی ہے:

بڑے بے رنگ سے لگتے ہو نا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کسی کے رنگ میں رنگ کر تو دیکھو

جیسے وہ سعدیہ سے گویا ہورہی ہو۔"سعدیہ آخر ایسا کیوں سوچتی ہیں ؟ کیا وہ سچ میں محبت کے بارے میں بہت جانتی ہیں ۔یا پھر وہ مجھے یہ احساس دلا رہی ہیں ۔اگر وہ محبت کے بارے میں بہت جانتی ہیں تو ایسوں سے مجھے محبت کے بارے میں جاننا ہوگا مگر وہ مجھے کبھی بھی محبت نہیں کرنے دیں گی۔لیکن ایسا بھی ہوسکتا ہے ان کو محبت کے بارے میں کچھ بھی نہ پتا ہو وہ محبت کو صرف ایک دھوکا ایک فریب سمجھتی ہوں ۔۔شاید ان کو محبت کے رنگوں کا اندازہ نہیں ہے ان کو اس بات کا احساس نہیں ہے کہ کسی کے رنگ میں رنگ جانا کتنا دلفریب ہوتا ہے۔ہوسکتا ہے وہ محبت کو صرف ایک کہانی سمجھتی ہوں " وہ ایک لمحے کے لیے رکتی ہے "ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ مجھے ان سے پیار نہ ہوا ہو۔ محض ایک لگاؤ کو میں پیار کیسے کہہ سکتی ہوں اور ہو بھی سکتا ہے میرے حسن سے مانوس ہو کر وہ مجھ سے مسخر ہوگئے ہوں ۔لیکن کیا سچ میں مجھے ان سے پیار ہوگیا ہے۔"وہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آسمان کی طرف دیکھتی ہے جیسے سوال کررہی ہو اللہ سے۔لیکن پھر اپنے ہاتھ کی لکیروں کی طرف دیکھتی ہے۔ان میں کچھ ٹٹولنے لگتی ہے۔پھر وہ کھڑکی سے نیچے جھانکتی ہے اس جگہ جہاں شہزادہ کھڑا تھا گھوڑے پر اور اس پر پانی گرا اسے دھندلا سا وہ منظر دکھنے لگتا ہے۔"کیا وہ مجھ سے پیار کرتے ہوں گے یا بس ایک دکھاوا نہیں" ایک دم وہ چیخ اٹھتی ہے"ایسا نہٰں ہوسکتا مین ایک رقاصہ ہوں اور رقاصہ سے کوئی پیار نہیں کرسکتا۔رقاصہ صرف حظ اٹھانے کے لیے ہوتی ہے پیار کے لیے نہیں۔۔صحرش اس قدر ہواؤں میں مت اڑو۔۔جب اونچائی سے گرو گی تو پر ٹوٹ جائیں گے اور پھر تم اڑنے کے لائق بھی نہیں رہو گی" وہ خود سے مخاطب تھی اس سب مین جانے کب اسے نیند آجاتی ہےوہ کھڑکی پر ہی سو جاتی ہے۔

"رات کے کھانے کی میز پر بھی وہ تشریف نہیں لائے۔"شہزادی دل ربا رات کے اس پہر جب ساری دنیا سو چکی تھی اپنے تخت پر بیٹھی تھی اور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے جھول رہی تھی۔اور کھڑکی سے بھی باہر دیکھ رہی ہوتی ہے۔خادمہ ان کے جسم کی مالش کا سامان لے کر آتی ہے۔"نہیں کرانی ہمیں مالش اس سے ہمیں سکون نہیں ملے گا ہمیں سکون اس وقت ملے گا جب ہم ان سے اپنے دل کی بات کہیں گے۔۔۔مگر وہ ہیں کہ جیسے کود کو خدا سمجھ بیٹھے ہیں ۔۔ہم سے اتنا ہی دور رہتے ہیں جتنا ہم قریب جانا چاہیں ۔ہم سارا دن ان کا انتظار کرتے رہے۔۔"شہزادی دل ربا رنجیدہ دکھائی دیتی ہے۔

عشق جینے کا سلیقہ سکھا دیتا ہے

بھٹکے ہووں کو رستہ دکھا دیتا ہے

میں میں جتنی بھی کرلو تم مردم

عشق جب ہوتا ہے خود سے اجنبی بنا دیتا ہے

اپنی روح سے بھی انجان ہوئے جو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عشق ایسا دیوانہ بنا دیتا ہے

بتوں کے پجاری جانتے ہیں

عشق محبوب کو خدا بنا دیتا ہے

عشق کے راز تو خدا ہی جانے

عشق کیوں آقا کو بندہ بنا دیتا ہے

جبرئیل کے پر جل جاتے ہیں جہاں

عشق وہ سدرۃالمنتہیٰ پار کرا دیتا ہے

سورج نکل چکا تھا۔محمد علی مچھیرے نے جھال بچھا دیا تھا مچھلی پکڑنے کے لیے۔وہ اس کلام کا ورد کررہا تھا۔وہ کوئی ساٹھ پینسٹھ سال کا بوڑھا تھا۔زیادہ صحت مند بھی نہیں تھا لیکن اسے چلنے کے لیے عصا کا سہارا نہیں لینا پڑتا تھا۔قد بھی ٹھیک تھا۔قدرتی غذائیں کھانے کی وجہ سے توانا تھا ابھی تک۔چہرہ سیاہ ہوچکا تھا دھوپ میں رہنے کی وجہ سے۔جھال بچھا کر وہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کلام کا ورد کرنے میں مصروف تھا یہ اس کی عادت تھی ۔اسے شاعری سے انتہا درجے کا لگاؤ تھا ۔

در در بھٹکتا شاہ دیکھا میں

عشق نوشہ کو سوالی بنا دیتا ہے

عشق کی صندلی نہ چڑھیو طالع

عشق انتہا سے ہی ملا دیتا ہے

روک لو اپنے دائرہ فکر کو

عشق سرمدو منصور کو خدا بنا دیتا ہے

(طالعؔ)

مچھلی کا جھال یک دم ہلتا ہے اور وہ ایک دم ششدر رہ جاتا ہے۔"اس قدر تیز آہٹ۔۔"اس کے منہ سے نکلتا ہے ۔وہ آہٹ بہت تیز تھی۔مانو زلزلہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہی آگیا ہو۔مگر یہ اس کا وہم تھا کہ زلزلہ ہے کیونکہ وہ خیالوں میں بہت زیادہ ہی کھو گیا تھا

دراصل کوئی چیز اس کے جھال میں پھنسی تھی۔وہ اپنے ہواس میں آچکا تھا ۔۔" اس سے پہلے ایسا جھٹکا کبھو نہیں لگا"اس نے خود سے کہا۔اور پھر اپنا جھال کھینچنے لگا۔۔۔جونہی جھال پانی میں سے اوپر آیا وہ اسے دیکھ کر دھک سے رہ گیا۔

"خدا کرے وہ آج بھی اسی باغ میں ٹہلنے آئی ہو۔میں اس سے ملنا چاہتا ہوں۔ اس کی وہ بھولی بھالی شکل دیکھوں گا ۔قسم سے اس کی شکل میں مجھے خدا کی قدرت کے رنگ دکھتے ہیں ۔خدا نے اسے کتنا خوبصورت بنایا ہے!۔مجھے یوں لگتا ہے جیسے ہم دونوں ایک دوجے کے لیے بنے ہوں ۔میں امید کرتا ہوں کہ ہماری دوبارہ ملاقات ہو" شہزادہ سرمد کھڑکی سے سورج کو نکلتے ہوئے دیکھ رہا تھا ۔۔

جانے خدا نے ایسا کیا رکھا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میرے لیے تجھ میں خدا رکھا ہے

لوگ تو عبادت کرتے ہیں بتوں کی

مجھے خدا نے ترابندہ بنا رکھا ہے

(طالعؔ)

(اس شعر پر تنقید مت کیجیے گا اگر آپ کو اس شعر کی سمجھ نہیں آتی تو کسی پر تنقید مت کریں)

☆☆☆☆

"نگاہ فرمائین سعدیہ۔۔خوبرو سیب اگن(دیکھیے سعدیہ کتنے خوبصورت سیب اگے ہوئے ہیں)" فرزانہ نے جونہی سیبوں نے لسے درخت دیکھے بہت بےچین ہوجاتی ہے۔سیب کھانے کے لیےوہ دونوں اس وقت باغ میں سیب توڑرہی تھیں ۔اور سحرش ان سے بہت دورپیپل کی ڈالیوں میں پینگ پر بیٹھی شہزادے سرمد کے بارے میں سوچ رہی تھی۔"آمیں کھالے ہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سیب(کیامیں یہ سیب کھالوں) فرزانہ نے سعدیہ سے کہا جو اس کے قریب کھڑی سیب توڑ توڑ کر کھجور کی چھال کی بنی ٹوکری میں ڈال رہی تھی۔

☆☆☆☆

بادشاہ اور مشیرِ خاص گول کے میز کے سامنے کھڑے ہوتے ہیں ایک طرف بادشاہ اور دوسری طرف مشیر۔۔

"ہماری سپہ کی تربیت کہاں تک پہنچی ہے" بادشاہ مشیر سے پوچھتا ہے۔

"حضور ابھی دن کا آغاز ہی ہوا ہے ۔شہزادہ حضور ابھی اپنے ہجرے میں آرام فرما رہے ہوں گے۔۔میری ان سے کل سے ملاقات نہیں ہوئی ۔البتہ ان کو پیغام پہنچایا تاھ کہ جانے سے پہلے مجھ سے ملاقات ضرور فرما لیں ۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ہوں " بادشاہ سر ہلاتا ہے"اور اس پانی گرانے والی کی تلاش کہاں تک پہنچی ؟" قریب ایک کرسی پر ایک آدمی بیٹھا ہوتا ہے بادشاہ اس سے پوچھتا ہے۔"حضور زنان خانہ اسے ڈھونڈنے میں ناکام ہے"

"کیسے ناکام " بادشاہ چیخ پڑتا ہے۔۔"تین دن ہوگئے اور اس مجرم کا پتا چل سکا۔ہمیں زنان خانے کی بیگم سے بات کرنی ہے۔بیگم قدسیہ کو بلایا جائے"بادشاہ غصے سے کہتا ہے ۔"رکیے چچا جان" شہزادہ سرمد اس بڑے کمرے مُں داخل ہوتا ہے جس میں بادشاہ اور مشیر اور تیسرا آدمی موجود ہوتے ہیں ۔بات میں رکاوٹ ڈالنے کی وجہ سے بادشاہ اسے کاٹ کھانے والی نگاہ سے دیکھتا ہے۔

☆☆☆☆

یہ کس قسم کے جوڑا ہے؟" شہزادی دل ربا اس وقت آئینے کے سامنے کھڑی ہوتی ہےاور اپنے بدن کے ساتھ ایک جوڑا لگا کر دیکھ رہی ہوتی ہے۔اس کے قریب دو خادمائیں کھڑی ہوتی ہیں ۔"حضور قدسیہ بیگم نے یہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جوڑا خاص آپ کے لیے سلوایا ہے"ایک خادمہ کہتی ہے۔"قدسیہ بیگم کو بلوایا جائے۔" شہزادی غصے سے کہتی ہے۔اس کے چہرے سے بے چینی واضح ہوتی ہے کیونکہ رات بھر وہ سو نہ سکی تھی۔اور شاید اسی وجہ سے وہ ایسا رویہ کررہی تھی۔ایک خادمہ قدسیہ کو بلانے چلی جاتی ہے" کیا خاک ہے یہ جوڑا!" وہ حقارت سے اس جوڑے کو زمین پر پھینک دیتی ہے۔اور قریب کھڑی خادمہ کی آنکھوں سے آنسو نکل رہے ہوتے ہیں ۔"کتنی خوش نصیب ہیں شہزادی! " وہ دل میں سوچتی ہے۔

قدسیہ بیگم اندر آتی ہے"حضور آپ نے مجھے یاد کیا" قدسیہ کی آواز پر شہزادی سر گما کر پیچھے دیکھتی ہے۔وہ ایک بھاری بھرکم عورت ہوتی ہے کوئی پچاس کے قریب عمر ہوگی۔"آپ اندھی کب سے ہوگئی ہیں ۔۔ہمیں ایسے جوڑے پسند نہیں ۔۔۔ہم سے پوچھ لیا ہوتا " وہ قدسیہ پر برہم ہوجاتی ہےاور ایک دم سے سر پر ہاتھ رکھتی ہےاور زمین پر گرجاتی ہے۔

ے در در بھٹکتا شاہ دیکھا میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عشق نوشہ کو سوالی بنا دیتا ہے

☆☆☆☆

"چچا جان بات کاٹنے کے لیے معذرت مگر میں یہ چاہتا ہوں کہ وہ جو بھی تھا جس نے بھی پانی گرایا ۔۔ہم تہہ دل سے اسے معاف کرتے ہیں کیونکہ اگر ایسا ہوا گا تو ہوسکتا ہے کارِ خطا ہو ۔۔کیونکہ یہاں کوئی ہمارا جانی دشمن نہیں ہوسکتا ،،،ہم یہاں نئے آئے ہیں ۔۔مہمان ہیں کوئی ہم سے سانجھا نہیں ہے" شہزادہ سرمد بادشاہ سے کہہ رہے ہوتے ہیں ۔"بیٹا" بادشاہ غصے میں بولنے لگتا ہے کہ باہر سے ایک آدمی بھاگتا ہوا آتا ہے"راز خانہ میں بلااجازت داخل ہونے کے لیے معافی چاہتا ہوں " دراصل بادشاہ مشیر کے ساتھ راز خانہ میں ہوتے ہیں وہاں صرف بادشاہ کے چنے لوگ ہی جاسکتے تھے۔"زنان خانے سے خبر آئی ہے کہ شہزادی حضور ایک دم سے بے ہوش ہوگئی ہیں"بادشاہ کے پسینے چھوٹ جاتے ہیں۔

☆☆☆☆

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"رات کو نہ سونے کی وجہ سے ان کی یہ حالت ہوئی ہے کچھ دن سے یہ شدید بے چینی کا شکار ہیں ۔۔اسی وجہ سے یہ چڑچڑی ہوگئ ہیں ۔۔" شاہی حکیم شہزادی کے سر پر جڑی بوٹیوں کا کوئی آمیزہ لگارہی ہوتی ہے ۔بادشاہ قریب ہی کھڑا ہوتا ہے اور قدسیہ بیگم بھی۔۔"کیسی بے چینی؟" بادشاہ بے چینی کا سن کر الجھ جاتا ہے اور قدسیہ کے چہرے پر بھی الجھن واضح دکھ رہی ہوتی ہے۔"یہ تو میں نہیں جانتی کہ کیا بے چینی ہے ان کو ۔۔""کیسی حکیم ہیں آپ ؟ " بادشاہ پاگلوں کی طرح بول پڑتا ہے "اور آپ قدسیہ جی ۔۔ہماری بیٹی کو کوئی بے چینی کیوں ؟" قدسیہ بھی لا الفاظ ہوجاتی ہے۔اور حکیم بھی سہم جاتی ہے

بادشاہ ایک دم سے سر پر ہاتھ رکھتا ہے"،معاف کریے گا حکیم جی میں نے غصہ میں آپ کو ڈانٹ دیا۔۔بادشاہ کا حال بہت براہوجاتا ہے۔۔اب وہا یک کرسی پر بیٹھ جاتا ہے اور ایک خادمہ پانی لے کع آتی ہے بادشاہ کے لیے۔

☆☆☆☆

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جھال میں ایک ٹوکری تھی اور اس نے جب ٹوکری کو کھولا تو اس میں ایک چھوٹا سا بچہ تھا ۔۔"یہ تو ایک معصوم بچی ہے" محمد علی مچھیرہ حیران ہوجاتا ہے ٹوکری میں ایک رقعہ ہوتا ہے کسی نے ایک پتے پر کچھ تحریر کیا ہوتا ہے ۔۔"یہ بچی زندہ تو ہوگی"وہ پتہ پڑھے بغیر اس بچی کو دیکھنے لگتا ہے ۔بچی بےہوش ہوتی ہے عمر کے حساب سے وہ ایک سال کی بھی نہیں ہوتی " یہ زندہ ہے بس بےہوش ہوگئی ہے" وہ بچی کے سینے سے کان لگاتا ہےپھر اسے اٹھا لیتا ہے اور قریب پڑی لکڑیوں سے آگ جلاتا ہے ۔اب بچی تھوڑی گرم ہوگئی تھی۔۔اچانک بچی میں جان آنے لگتی ہے وہ اپنے ہاتھ پیر ہلانے لگتی ہے۔

"اوں آں" بچی رونے لگتی ہے ۔محمد علی اسے گود میں اٹھا لیتاہے۔تھوڑی سی دور اس کی جھونپڑی ہوتی ہے۔پرانی لکڑیوں سے بنی ہوئی یہ جھنپڑی سمندر کے بالکل قریب تھی ۔صبح کے اس وقت میں نیلے آسمان کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قریب خوبصورت جنگل میں یہ جھونپڑی بہت بھلی لگ رہی تھی۔محمد علی جھونپڑی کی طرف چلنے لگتا ہے۔

☆☆☆☆

"قدسیہ بیگم کیا آپ کو کبھی انہوں نے نہیں بتایا اس بے چینی کے بارے میں "بادشاہ قدسیہ بیگم سے پوچھتا ہے۔"نہیں حضور! انہوں نے مجھے کبھی نہیں بتایا" قدسیہ بیگم جواب دیتی ہیں ۔اب تک شاہی حکیم سر پر جڑی بوٹیاں لگاچکی ہوتی ہے"حضور مجے اجازت چاہییے" وہ مدھم آوازمیں کہتی ہے"جایئے"بادشاہ جواب دیتا ہے۔"تو کیا کبھی آپ کو اس بات کا احساس بھی نہیں ہوا"قدسیہ بیگم کی آنکھیں نم ہوجاتی ہیں "حضور۔۔۔" وہ رک جاتی ہیں "ہم نے یہ بات عرصہ دراز سے آپ سے چھپائی ہے۔چھپانی نہیں چاہیے تھی۔۔مگر معافی چاہیے۔۔۔""کیا بات ؟ کونسی بات؟؟"بادشاہ غضبناک لہجے میں کہتا ہے"حضور ملکہ حضور کی وفات کے بعد آپ نے مجھے اس سارے زنان خانہ کی ذمہ داری سونپ دی تھی۔آپ نے مجے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہزادی حضور کی تمام ذمہداری سونپ دی تھی کیونکہ وہ اس وقت بہت چھوٹی تھیں مگر حضور یہ بھی حقیقت ہے اپنی ماں کے بعد بہت ضدی اور چڑچڑی ہوگئیں تھیں میں نے ان کو بہت سمجھایا مگر یہ مجھے صرف ایک نوکرانی سے زیادہ کچھ نہ سمجھتی تھیں ۔ مجے یہ سب بہت ناگوار لگتا مگر آپ کو کبھی کچھ نہ بتایا کیونکہ آپ ریاست ک معاملات میں بہت الجھے رہتے تھے۔۔اسی وجہ سے شہزادی حضور مجھے کسی بات سے آشنا نہیں ہونے دیتی تھیں ۔البتہ اب شہزادی حضور انیس سا ل کی ہوگئیں ہیں مگر پھر بھی میرے ساتھ ان کا وہی رویہ ہے جو دوسرے ملازمین کے ساتھ ہے"قدسیہ بیگم کے چہرے سے احساسِ محرومی مسلسل ٹپک رہا تھا۔اور پھر وہ صبح کا واقعہ بتانے لگیاس کی آنکھوں میں آنسو آگئے تھے۔بادشاہ بھی اپنی بیٹی کا یہ حال دیکھ بہت پریشان ہوگیا تھا۔

☆☆☆☆

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ہیں سیب رسیلے (یہ سیب رسیلے ہیں)" فرزانہ سیب کے درخت کی ایک شاخ کو سہارا بنا کر کھڑی ہوکر سیب کھا رہی ہوتی ہے مگر سعدیہ ابھی بھی سیب توڑ کر ٹوکری میں ڈال رہی ہوتی ہے۔۔اور سحرش پینگ پر جھولا جھولنے میں مصروف۔

وہ بہار کے اس موسم میں سیبوں سے لدے درخت دیکھ رہی تھی۔"فرزانہ میرے ساتھ سیب توڑیے نا"سعدیہ فرزانہ سے کہتی ہے"رات ہیں رقص ہوئے(رات کو رقص ہے) تھکن چور بدن ہوئے۔رقص محفل فر نہ ہووے(میرا بدن تھکن سے چور ہوجائے گا اور پھر رقص نہ ہوگا) " فرزانہ سیب کی ایک ٹکرا منہ میں ڈالتی ہے۔وہ درخت کی ٹہنی کے ساتھ سیب کو ٹکروں میں بانٹ کر کھارہی تھی۔۔"جایئے پھر جاکر رقص کی تیاری کریئے۔سحرش کو بھی لے جایئے"سعدیہ اسے کہتی ہے اور پھر سیب توڑنے لگتی ہے اور فرزانہ سیب کے مزے لینے لگتی ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بہار کے رنگ کتنے نرالے ہوتے ہیں ۔کل جن درختوں کو دیکھنا بھی کوئی گوارا نہیں کرتا تھا آج ان میں کتنی دھوم ہے۔نہ صرف جانور پرندے بلکہ انسان بھی ان کا دم بھر رہے ہیں " سحرش پینگ پر بیٹھی تھی اور دور سے سعدیہ اور فرزانہ کو دیکھ رہی ہوتی ہے اسے کوئل کا سحر انگیز گانا بھی سنائی دے رہا ہوتا ہے۔ "مجھے بہار کب ملے گی؟؟ کب مجھے حقیقت سے آشنائی ہوگی۔۔۔" ایسے میں خیالات کی آندھی میں ڈگمگانے لگتی ہے اسے لگتا ہے کہ شہزدہ سرمد اسے جھول رہا ہے

وہ اپنے پیچھے اسے کھڑا دیکھ کر بہت خوش ہورہی ہوتی ہے ۔مگر ایک دم سب دھول کی طرح اڑجاتا ہےاور وہ ہاتھ ملتی رہ جاتی ہے۔"کتنا خوش نما تھا !۔۔مجھے بہار کا احساس ہوانا۔۔کاش یہ بہار ہمیشہ کے لیے ہوجائے۔۔۔۔"

پھر تھوڑی اداس ہوجاتی ہے اور ایک بار پھر خیالوں کی دلدل میں دھنسنے لگتی ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے بہار اس لیے بھی بہت پسند ہے۔۔کیونکہ یہ مجھے میرے ماضی میں لے جاتی ہے۔کیونکہ میری زندگی نے آج تک بہار نہیں دیکھی۔۔۔میں نے جب سے ہوش سنبھالا ہے میں نے خزاں کے دوش پر پرورش پائی۔۔اپنے ماں باپ کو بھی نہ دیکھ پائی۔۔۔کاش اس دن وہ آگ نہ لگتی۔۔کاش اس روز وہ اس سب نہ ہوتا ۔۔" اب وہ ماضی کے سمندر میں ڈوب چکی تھی۔۔

"اس روز میں اپنے گھر کے آنگن میں کھیل رہی تھی جب مجھے اپنی چھوٹی بہن کے چیخنے کی آواز آئی تھی۔اور میں بھاگتی ہوئی اندر کی طرف بھاگی جہاں میری بہن چولہے کے قریب بیٹھی چیخ رہی تھی۔اور چولہے سے نکلنے والی آگ کی لپیٹیں پورے کمرے میں پھیل چکی تھیں ۔میری بہن بھی ا ساگ کے لپیٹے میں آچکی تھی۔میں اس وقت صرف پانچ سال کی تھی ناسمجھ تھی ۔۔کچھ سوچے سمجھے بغیر باہر کو بھاگی یہ بھول گئی میرے اماں ابا دوسرے کمرے میں ہیں ۔۔آگ بڑھتی گئی یہاں تک کہ میں نے اپنی بہن

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کی آخری چیخ سنی۔۔اس کے بعد اس نے مزید چیخ نہ ماری مگر وہ آگ میرے اماں ابا کو بھی کھا گئی۔۔۔"

سحرش کی آنکھیں نم ہوچکی تھیں ،،،،

سعدیہ اور فرزانہ بھاگتی ہوئی اس کے پاس آئیں ۔۔

☆☆☆☆

بچی کو اس نے پانی پلایا تھا وہ ہی جانتا ہے کہ کتنی جوکھت سے پلایا اس نے پانی۔۔"اس ٹوکری میں وہ رقعہ" ایک دم اسے یاد آیا اور وہ باہر کو چلا گیا ۔

